عدنان خالد

محبت فاتحِ عالم

یہ نظم نونہال عزیز عدنان خالد نے مشاعرۂ ہمدرد نونہال منعقدہ ۱۲ مارچ ۱۹۸۰ء میں ہزاروں بچوں اور بڑوں کی موجودگی میں پیش کی۔ مشاعرہ کا انتظام ہمدرد فاؤنڈیشن نے کیا۔
ہم اسے چیئرمین ہمدرد حکیم محمد سعید صاحب مدظلہ کی فرمائش پر شائع کر رہے ہیں ـــــ ادارہ

محبت کے نغمے سنائیں گے ہم
نئی ایک دنیا بسائیں گے ہم

محبت ہمیں اپنی ملت سے ہے
محبت وطن تیری جنت سے ہے

ترقی تیری اپنی خدمت سے ہے!
نئے پھول تجھ میں کھلائیں گے ہم

ہمیں اپنے ماں باپ سے پیار ہے
یہی اپنا دنیا میں کردار ہے!

وطن اپنا اک پاک گلزار ہے
اسے نور سے جگمگائیں گے ہم

محبت ہی فاتح زمانے میں ہے
عجب رنگ اس کے فسانے میں ہے

محبت ہی قومی ترانے میں ہے
یہی گیت سب کو سنائیں گے ہم

یہ عدنان خالد کا پیغام ہے
محبت ہی وہ جذبہ عام ہے

کہ ایمان ہے جس سے اسلام ہے
محبت کا پرچم اڑائیں گے ہم